# روئیداد دوسری عظیم علمی تحقیقی سیرت کانفرنس

## زیر انتظام: جامعہ المرکز الاسلامی پاکستان

وہ حضرت سرور کونین فخرِ نوعِ انسانی
رسول انس و جن آئینہ اخلاق ربّانی
فرشتوں پر شرف جس کے سبب ہے، ابن آدم کو
ہوا جس کے سبب رشک جناں یہ عالمِ فانی
نظر وہ کیمیا، کایا پلٹ دی جس نے قوموں کی
ہوئے شیر و شکر جو کل تلک تھے آگ اور پانی
لقب اُمّی علومِ اولین و آخرین در دِل
امام انبیاء و مرسلین از فضلِ یزدانی

الحمدللہ: خداوند کریم کی عظیم مہربانی اور جامعہ المرکز الاسلامی کے مہتمم، بانی ادارہِ جدید فقہی تحقیقات مولانا سید نصیب علی شاہ الہاشمی (ایم این اے) کی شب وروز جدوجہد سے علمی، فقہی اور تحقیقاتی مجالس کی ایک غیر منقطع سلسلہ جاری وساری ہے۔ اوران پروگراموں کی ایک کڑی کی حیثیت سے ۱۰ ربیع الاول ۱۴۲۶ھ موافق 20 اپریل 2005ء بروز بدھ صبح 9 بجے سے شام 6 بجے تک دوسری عظیم علمی تحقیقی سیرت کانفرنس کے عنوان پر یہ عظیم کانفرنس منعقد ہوا۔

ماشاءاللہ: کانفرنس علمی، تحقیقی مقاصد کے حصول کے اعتبار سے کامیاب رہا اور کثیر تعداد میں مندوبین محققین، مفتیان کرام، علماء دین اور عظیم سکالرز نے پروگرام کو زینت بخشی۔ اور ضلع بنوں کے جم غفیر کے علاوہ لکی مروت، کرک، کوہاٹ، جنوبی، شمالی وزیرستان اور دیگر اضلاع کے عظیم قافلوں نے ہمارے پنڈال کے وسیع وعریض میدان میں کیئے ہوئے انتظامات کو ناکافی بنادیا۔ اور عارضی طور پر مزید انتظام کرنے پر مجبور ہوگئے ہیں۔

اس یک روزہ کانفرنس کی دو نشستیں حسب پروگرام منعقد ہوئیں چونکہ اسی روز ضلع بنوں کے عظیم خادم ممتاز سیاستدان حضرت مولانا قاری حضرت گل نور اللہ مرقدہ اس دنیا فانی سے رحلت فرما گئے تھے (اللہ تعالی مرحوم کو جنت الفردوس نصیب فرماوے) اور عین پروگرام کے افتتاح کے وقت صبح 9 بجے جنازہ ہونے والا تھا، اسی بنیاد پر 15 منٹ کے تاخیر کے ساتھ باقاعدہ طور پر پروگرام شروع ہوا۔

ابتدائی نشست کی صدارت بزرگ ہستی حضرت مولانا غلام محمد صادق صاحب ایم این اے باجوڑ ایجنسی نے فرمائی اور قاری واصف اللہ کے تلاوت کلام پاک سے افتتاح ہوتے ہی جناب نائب مہتمم جامعہ ہذا حضرت مولانا نور خالق شاہ صاحب کو خطبہ استقبالیہ پیش کرنے کی دعوت دی گئی ۔ چونکہ پنڈال میں تل دھرنے کی جگہ نہ تھی اسلئے نائب مہتمم صاحب نے خطبہ استقبالیہ پیش کرنے کے ساتھ ساتھ سامعین وحاضرین کو قریب قریب بیٹھنے کی ترغیب بھی دی تاکہ کچھ گنجائش ہو جائے۔

افتتاح کے بعد کانفرنس کی باقاعدہ کارروائی جاری رہی اور اہل علم وتحقیق نے پُرمغز تقاریر فرمائیں اور سیرت کے موضوع پر تحقیقی مقالات پیش کیئے۔

## ابتدائی نشست کا اجمالی خاکہ کچھ یوں ھے:

| نمبرشمار | عنوان | پیش کنندہ |
|---|---|---|
| 1 | تلاوت قرآن مجید | قاری واصف اللہ مدرس شعبہ تجوید جامعہ ھذا |
| 2 | خطبہ استقبالیہ | حضرت مولانا نور خالق شاہ صاحب، نائب مہتمم جامعہ ھذا |
| 3 | نبی اکرم ﷺ کی پاک سیرت | مولانا امیر دراز صاحب سدہ خیل وزیر بنوں |
| 4 | مناقشہ مقالہ جدید سائنسی انکشافات اور متعلقہ مسائل | مولانا عزیز محمد فاضل تخصص فی الفقہ جامعہ ھذا |

کانفرنس کے موقع پر جامعہ کے شعبہ تخصص کے فارغ التحصیل کا اجلاس میں علمی مناقشہ کیا گیا چونکہ مناقشہ ایک دلچسپ انداز سے ہوا۔ اسلئے کچھ تفصیل حاضر خدمت ہے۔

متعلم شعبہ تخصص Specialization کے فارغ التحصیل مولانا عزیز محمد ولد گل محمد ضلع کرک کو اپنا تحقیقی مقالہ جو بعنوان ''جدید سائنس سے پیدا شدہ مسائل اور ان کا فقہی حل جو کہ 256 صفحات پر مشتمل تھا، پیش کرنے کی دعوت دی گئی۔ موصوف نے مناقشہ کیلئے تشکیل شدہ سہ رکنی کمیٹی حضرت مولانا محمد صادق (ایم این اے باجوڑ ایجنسی)، مولانا مفتی عبدالغنی ایڈوکیٹ سورانی بنوں اور جامعہ ھذا کے شعبہ تخصص کے استاذ مولانا مفتی نعمت اللہ حقانی کے سوالات کے مفصل جوابات پیش کیئے۔

حضرات نے جدید مسائل مثلاً انسانی اعضاء کا عطیہ، ناخن پالش، ہیئر کلر کا استعمال، تصویر کا شرعی حکم، شئیل کمپنی کے احکام، غیر مسلم کا ذبیحہ، رؤیت ہلال اور دیگر اہم مسائل کے متعلق استفسار کئیے۔ موصوف نے ہزاروں کے مجمع کے سامنے عقلی ونقلی دلائل سے مزیّن تفصیلی جوابات پیش کیئے۔ متعلقہ کمیٹی اور شرکاء نے اہم انداز سے توثیق کرتے ہوئے درج ذیل تاثرات ثبت فرمائیں۔

اِن میں سے شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد صادق صاحب نے اپنی تاثرات عربی زبان میں تحریر کئے ''للّٰہ در مصنف الرسالۃ المسماۃ بـ"جدید سائنس اور طب" حیث بذل جھدہ فی المسائل التی لابدّ لأھل ھذا الزمان منھا و أوضحھا أوفر وضاحۃ ومنّ علی الأمۃ فی حل المشکلات التی تحیّر عنھا الأفھام فإنی طالعتھا إجمالا فوجدتھا صائبۃ (مولوی محمد صادق ریاض العلوم باجور ایجنسی عضو مجلس الأمۃ)

2 ...... مولانا مفتی عبدالغنی ایڈوکیٹ نے اپنے تاثرات یوں پیش کئے۔

بندہ نے مولانا محمد عزیز صاحب کا مقالہ بعنوان ''جدید سائنس اور طب'' کا مطالعہ اور مناقشہ کیا، جس کو دور جدید میں مشکلات و مسائل جدیدہ کے حل میں انتہائی مفید پایا۔ اللہ رب العزت اس کو اپنی قبولیت سے نوازے۔ آمین (بندہ عبدالغنی سورانی)

3 ...... مولانا مفتی نعمت اللہ حقانی استاذ المرکز نے اپنے تاثرات میں فرمایا:

احقر نے مولانا محمد عزیز کا مقالہ بعنوان ''جدید سائنس اور طب سے پیدا شدہ مسائل کا شرعی حل'' مطالعہ اور مناقشہ کیا۔ الحمد للہ مقالے کا معیار صحیح ہے اور مقالہ نگار کو اکثر مباحث و مندرجات یاد ہیں۔ مناقشے کے سوالات کے جوابات بھی تسلی بخش پایا۔ (نعمت اللہ حقانی)

| نمبر شمار | عنوان مقالہ وخطاب | پیش کنندہ |
|---|---|---|
| 5 | سیرت النبی ﷺ کے پروگراموں کی اہمیت و ضرورت | شیخ الحدیث مولانا محمد صادق صاحب ایم این اے باجوڑ ایجنسی |
| 6 | سیرت طیبہ کو پیش نظر رکھ کر زندگی گزارنا چاہئے | شیخ الحدیث مولانا امان اللہ صاحب ایم این اے ضلع لکی مروت |
| 7 | اختتامی دعا نشست اول | ضلع کرک کے بزرگ کے سیاستدان مولانا حافظ ابن امین صاحب |

ابتدائی نشست 12:30 بجے کھانے اور نماز کے وقفے کیلئے اختتام پذیر ہوا، اور 1:30 بجے نشست دوم کی افتتاح متعلم جامعہ ھذا قاری عارف علی شاہ نے تلاوت کلام پاک سے کی، چونکہ نشست دوم میں اسٹیج پر مندوبین حضرات کی ایک کثیر تعداد جلوہ افروز تھی، جس میں حضرت مولانا شجاع الملک (ایم این اے مردان)، مولانا مفتی ابرار سلطان (ایم این اے کوہاٹ)، جے یو آئی صوبہ سرحد کے امیر شیخ الحدیث مولانا امان اللہ (ایم این اے ضلع لکی مروت) اور نائب امیر جے یو آئی صوبہ سرحد حضرت مولانا قاری محمد عبداللہ (سینٹر)، مولانا سید نیک زمان حقانی (ایم این اے شمالی وزیرستان)، مولانا عبدالرزاق مجددی (ایم پی اے)، مولانا قاری گل عظیم (ایم پی اے) خادم قوم جناب سید حامد شاہ (ایم پی اے)، جمعیت علماء اسلام پنجاب کے نائب امیر حضرت مولانا خواجہ عبدالرحیم نقشبندی

قائد جمعیت علماء اسلام حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب نے فرمایا کہ جامعہ المرکز الاسلامی پاکستان کے زیر نگرانی ہر پروگرام میں مَیں حاضر ہوتا ہوں اور ایسے پروگرامز راہ کامرانی کیلئے سنگ میل کی حیثیت رکھتے ہیں۔

ہردلعزیز وزیر اعلیٰ سرحد جناب محمد اکرم خان درانی صاحب نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا کہ حضرت شاہ صاحب کے خدمات، ہمت وحوصلہ سے دِلی اطمینان حاصل ہوجاتی ہے اور مَیں خود بھی جامعہ ھذا کا ایک رکن ہوں۔

مولانا خواجہ عبد الرحیم نقشبندی چکوال، مولانا عبد الرحمٰن صدر شمالی وزیرستان، مولانا مفتی ابرار سلطان (ایم این اے کوہاٹ)، مولانا پیر سید نیک زمان حقانی ایم این اے شمالی وزیرستان اور دیگر مقررین نے اہم علمی اور بصیرت افروز خطابات سے مجمع کو روشناس کرایا۔اور 5:30 بجے عصر حضرت مولانا شجاع الملک (ایم این اے) کے اختتامی دعاء کے ساتھ پروگرام اختتام پذیر ہوا۔

ان چند بے جوڑ الفاظ کے مرتب: رحمت اللہ حقانی

کمپوزر جامعہ المرکز الاسلامی پاکستان


عصر جدید کے درپیش اہم مسائل کے اسلامی حل کیلئے دلچسپ علمی تحقیقات پر مشتمل

سہ ماہی ''المباحث الاسلامیہ''

- ☆ سائنس وٹیکنالوجی کے تحقیقات وایجادات سے پیش آنے والے مسائل کا فقہی حل
- ☆ امت مسلمہ کو درپیش چیلنجوں کا جواب اور ابہامات واشکالات کا بہترین ازالہ
- ☆ میڈیکل سائنس کے تحقیق وتخلیق سے پیش آمدہ مسائل کا قرآن وسنت کی روشنی میں جائزہ
- ☆ کتاب، سنت، اجماع، قیاس، اجتہاد اور علوم فقہ پر دلچسپ علمی تحریریں
- ☆ ائمہ اربعہ اور بالخصوص امام اعظم ابوحنیفہؒ اور فقہ حنفی کے امتیازی فقہی پہلو،
- ☆ اسلامی نظام وقوانین کی امتیازی خصوصیات اور دیگر نظاموں پر اس کی برتری۔
- ☆ عصر جدید کے فتنوں کا بہترین تعاقب اور دفاع اسلام کی ایک تحریک
- ☆ اسلامی فکر ونظر کے مختلف ضروری جہات پر علمی مضامین کی اشاعت
- ☆ سود کے آلائشوں سے پاک اسلامی معیشت اور اسلامی بینکاری سے متعلق بہترین تحریریں
- ☆ عالمی معیار کا اولین جامع علمی وتحقیقی اسلامی مجلہ باقاعدہ حوالہ جات کے ساتھ

قیمت فی شمارہ 55 روپے سالانہ چندہ 220 روپے

اس خالص دینی، علمی مجلہ کا خریدار بننا، اس کی اشاعت میں تعاون کرنا سب کا بنیادی دینی فریضہ ہے۔

امید ہے کہ اس علمی کام میں ہمارے ساتھ شریک ہوکر عند اللہ ماجور ہوں گے واللہ ولی التوفیق

بانی ونگران: مولانا سید نصیب علی شاہ ایم این اے

برائے رابطہ: ڈاک خانہ جامعہ المرکز الاسلامی پاکستان سادات حافظ خیل ڈیرہ روڈ بنوں سرحد

فون: 331352 ,331353 - 0928 ، فیکس: 331355 ، ای میل: almarkazulislami@maktoob.com